MACMILLAN CANCER SUPPORT

LGBTQ+ people and cancer: Urdu

# +LGBTQ لوگ اور کینسر

یہ معلومات کینسر میں مبتلاء +LGBTQ لوگوں کے لیے ہے۔

+LGBTQ کا مطلب ہے لیزبیئن، گے، بائی سیکسوئل، ٹرانس جینڈر اور کیوئر لوگ اس میں دیگر نوعیت کی رومانوی یا جنسی کشش اور صنفی شناخت بھی شامل ہے۔

اگر آپ +LGBTQ ہیں، تو آپ کے کینسر اور کینسر کے علاج کے حوالے سے آپ کے کچھ سوالات ہو سکتے ہیں۔ ہو سکتا ہے کہ آپ کو کوئی ایسی مخصوص معاونت چاہیے ہو جو کینسر میں مبتلاء +LGBTQ لوگوں کے لیے ہو سکتی ہو۔

اگر آپ اس معلومات کے متعلق کوئی سوالات پوچھنا چاہتے ہیں، تو آپ جس ہسپتال میں زیر علاج ہیں اس کے ڈاکٹر یا نرس سے پوچھیں۔

آپ ہفتے کے 7 دن، صبح 8 سے شام 8 بجے تک، مفت فون **0808 808 00 00** پر میک ملن کینسر سپورٹ (Macmillan Cancer Support) کو بھی کال کر سکتے/سکتی ہیں۔ ہمارے پاس ترجمان موجود ہیں، لہٰذا آپ ہمارے ساتھ اپنی مادری زبان میں بات کر سکتی/سکتے ہیں۔ جب آپ ہمیں کال کریں، تو براہ کرم ہمیں انگریزی میں بتائیں کہ آپ کو کون سی زبان درکار ہے۔

ہمارے پاس کینسر کے بارے میں اردو میں مزید معلومات بھی **macmillan.org.uk/translations** پر دستیاب ہیں

## یہ معلومات درج ذیل کے متعلق ہے:

- نگہداشت صحت کی ٹیم سے بات کرنا
- منصفانہ علاج
- کینسر، جنسی عمل اور تولیدی صلاحیت
- ٹرانس جینڈر اور غیرثنائی لوگوں کے لیے کینسر کا علاج
- اپنے لیے، درست نگہداشت اور معاونت حاصل کرنا
- میک ملن (Macmillan) آپ کی کیسے مدد کر سکتی ہے
- اردو زبان میں مزید معلومات
- حوالہ جات اور تشکرات

## نگہداشت صحت کی ٹیم سے بات کرنا

### کیا نگہداشت صحت کی ٹیم کے لیے یہ جاننا ضروری ہے کہ میں +LGBTQ ہوں؟

آپ کی نگہداشت صحت کی ٹیم میں وہ لوگ شامل ہوتے ہیں جو آپ کا علاج کرتے ہیں یا آپ کی صحت کے متعلق آپ کو مشورہ دیتے ہیں۔ یہ آپ کا GP، کینسر ڈاکٹر یا نرسیں بھی ہو سکتی ہیں۔

آپ کی نگہداشت صحت کی ٹیم کا کوئی شخص آپ سے درج ذیل کے بارے میں بھی پوچھ سکتا ہے:

- آپ کی جنس – اس کا مطلب ہے کہ آیا آپ ایک مرد ہیں، عورت ہیں یا کوئی دوسری جنسی شناخت رکھتے ہیں
- آپ کے جنسی یا رومانوی تعلقات

- آپ کی جنسی زندگی۔

یہ لازمی نہیں ہے کہ آپ انہیں اس بارے میں کچھ بتائیں، مگر آپ کے بتا دینے سے آپ کی نگہداشت صحت کی ٹیم کو آپ کی معاونت میں مدد مل سکتی ہے۔ اس معلومات سے انہیں درج ذیل میں مدد ملتی ہے:

- آپ کو درست معلومات دینا
- آپ کی ذاتی ضروریات کے مطابق آپ کا علاج کرنا
- ان لوگوں کی معاونت کرنا جو آپ کے لیے اہم ہیں۔

اگر آپ یقینی نہ ہوں کہ آپ کی نگہداشت صحت کی ٹیم کو یہ معلومات کیوں درکار ہیں، تو ان سے پوچھ لیں۔ وہ آپ کو بتا سکتے ہیں کہ آپ کی معاونت یا علاج کے لیے یہ معلومات کیوں ضروری ہے۔

**کیا میں اپنی نگہداشت صحت کی ٹیم کو بتا سکتا/سکتی ہوں کہ میں LGBTQ+ ہوں؟**

اگر آپ اپنی نگہداشت صحت کی ٹیم کو بتانا چاہتے ہوں، تو آپ انہیں بتا سکتے ہیں کہ آپ LGBTQ+ ہیں، چاہے انہوں نے نہ بھی پوچھا ہو۔

جب آپ پہلی بار اپنی ٹیم کے کسی رکن سے ملیں گے، تو اس وقت آپ ایسا کرنے کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ یا آپ اس شخص کو بہت طور پر جاننے تک انتظار کر سکتے ہیں۔

نگہداشت صحت کے بعض ماہرین NHS رین بو بیج بھی پہنتے ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ یہ پہننے والا شخص LGBTQ+ لوگوں کی معاونت کرتا ہے۔ آپ کی نگہداشت صحت کی ٹیم میں موجود کچھ لوگ اس کے بجائے رین بو کی دوسری اشیاء بھی پہن سکتے ہیں۔ وہ LGBTQ+ ہو سکتے ہیں یا وہ یہ دکھانا چاہتے ہیں کہ وہ LGBTQ+ لوگوں کی حمایت کرتے ہیں۔

**مجھے اپنی نگہداشت صحت کی ٹیم کو مزید کیا بتانا چاہیے؟**
آپ اپنی نگہداشت صحت کی ٹیم کو ایسا کچھ بھی بتا سکتے ہیں، جو آپ کے لیے اہم ہے۔ اس میں درج ذیل شامل ہو سکتا ہے:

- اگر آپ کا خاندان، کوئی دوست یا کوئی ساتھی ہے، جو آپ کی مدد کرتا ہے
- جن سے آپ اپنی دیکھ بھال کے بارے میں بات کرنے کی رضامندی دیتے ہیں
- آپ کو جن معلومات کی ضرورت ہے اور جن کی نہیں ہے۔

آپ وضاحت کرنا چاہیں گے کہ آیا آپ شامل ہیں یا نہیں ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ آیا دوسرے لوگ جانتے ہیں کہ آپ LGBTQ+ ہیں یا آپ اس بات کو راز میں رکھتے ہیں۔ آپ کے بارے میں تمام معلومات کو آپ کی ٹیم کو رازدارانہ رکھنا چاہیے۔ انہیں آپ کی اجازت کے بغیر کسی کو یہ نہیں بتانا چاہیے کہ آپ LGBTQ+ ہیں۔

## منصفانہ علاج کا حصول

اگر آپ LGBTQ+ ہیں، تو آپ کی کینسر ٹیم کو آپ کے ساتھ یکساں سلوک کرنا چاہیے۔ کسی کے ساتھ اس بنیاد پر کوئی غیر منصفانہ سلوک کرنا کہ وہ LGBTQ+ ہیں، قانون کے خلاف ہے۔ اگر ایسا ہوتا ہے، تو اپنے کسی بااعتماد شخص کو بتائیں۔

اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کے ساتھ کوئی غیر منصفانہ سلوک کیا جا رہا ہے، تو آپ درج کر سکتے ہیں:

- اگر آپ ایسا کرنے میں محفوظ محسوس کرتے ہوں، تو اپنی نگہداشت صحت کی ٹیم میں سے کسی سے بات کریں۔ اس سے آپ کی ٹیم کو چیزوں کو درست کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔ اس سے انہیں سیکھنے اور بہتر نگہداشت فراہم کرنے میں مدد ملتی ہے۔

- اپنے کسی بااعتماد شخص سے بات کریں۔ یہ آپ کا کوئی قریبی شخص ہو سکتا ہے یا نگہداشت صحت کا کوئی ایسا پیشہ ور ماہر بھی ہو سکتا ہے، جسے آپ اچھی طرح جانتے ہیں۔ ایسی تنظیمیں بھی موجود ہیں جن سے LGBTQ+ لوگ بات کر سکتے ہیں۔
- رائے دیں یا NHS کو شکایت کریں۔ اگر آپ چاہیں، تو اپنا نام بتائے بغیر بھی اپنی رائے اور شکایات سے آگاہ کر سکتے ہیں۔

## کینسر، جنسی عمل اور تولیدی صلاحیت

کینسر اور اس کے بعض علاج درج ذیل کو متاثر کر سکتے ہیں:

- آپ کی جنسی زندگی – آپ کی ترجیحی جنسی نوعیت کے لحاظ سے کچھ ضمنی اثرات زیادہ پریشانی کا باعث بھی بن سکتے ہیں۔
- آپ کی تولیدی صلاحیت – اس کا مطلب ہے آپ کی حاملہ ہونے یا باپ بننے کی صلاحیت

آپ کا کینسر کا ڈاکٹر یا نرس آپ کو بتا سکتے ہیں کہ آیا آپ کے کینسر کے علاج کی وجہ سے آپ کے لیے جنسی ضمنی اثرات یا تولیدی صلاحیت کے کوئی مسائل پیدا ہو سکتے ہیں یا نہیں۔ آپ ان سے کینسر کے علاج سے پہلے، اس کے دوران یا بعد میں بھی اپنے جنسی عمل یا تولیدی صلاحیت کے بارے میں کوئی بھی سوال پوچھ سکتے ہیں۔

## ٹرانس جنیڈر یا غیرثنائی لوگوں کے لیے کینسر کا علاج

### کیا میری کینسرکی ٹیم کو میری پیدائش کے وقت کی جنس کے بارے میں جاننے کی ضرورت ہے؟

آپ کو اپنی ٹیم کو اپنی وہ جنس بتانے کی ضرورت نہیں ہے، جو آپ کو پیدائش کے وقت تفویض کی گئی تھی یا اگر آپ ٹرانسجینڈر ہیں۔ لیکن یہ مددگار ثابت ہو سکتا ہے اور بعض اوقات آپ کی ٹیم کے لیے یہ جاننا اہم ہوتا ہے کہ آپ کو پیدائش کے وقت کون سی جنس تفویض کی گئی تھی۔

مثال کے طور پر، حمل کے دوران کچھ اسکین کا استعمال نہیں کرنا چاہیے اور یہ نقصان دہ ہو سکتا ہے۔ اگر آپ اپنی شناخت اب مرد کے طور پر کرتے ہیں لیکن آپ حاملہ بھی ہو سکتے ہیں، تواسکین کرنے والے شخص کے لیے یہ جاننا ضروری ہوتا ہے۔

آپ کی جنسی ہسٹری کے بارے میں تمام معلومات کو آپ کی ٹیم کو رازدارانہ رکھنا چاہیے۔ وہ نگہداشت صحت کے دوسرے پیشہ ور افراد کو بھی بتا سکتے ہیں، لیکن صرف اس وقت جب آپ کی نگہداشت کے لیے اس کی ضرورت ہو۔

آپ اپنی کینسر ٹیم کو بتا سکتے ہیں کہ آپ کون سا نام اور اسم ضمیر استعمال کرتے ہیں۔ اسم ضمیر درج ذیل ہیں:

- خاتون
- مرد
- مخلوط جنس

### جنس کی تصدیق کرنے والے علاج اور کینسر

جنس کی تصدیق کرنے والے یہ علاج کینسر کے علاج اور آپ کو درکار معلومات کو متاثر کر سکتے ہیں:

- ہارمون کی دوائیں جو آپ کے جسم کو زیادہ مردانہ یا زنانہ بناتی ہیں
- عضو تناسل یا اندام نہانی بنانے کی سرجری (جنیٹل سرجری)
- چھاتیوں کو ہٹانے کی سرجری اسے ٹاپ سرجری یا مردانہ سینے کی تعمیر نو کہا جاتا ہے۔

اگر آپ ہارمون کی دوائیں لے رہے ہیں، تو اس بارے میں اپنی کینسر ٹیم کو بتانا ضروری ہے۔ انہیں یہ بھی جاننے کی ضرورت ہوتی ہے کہ آیا آپ کی سرجری ہوئی ہے یا اگر آپ مستقبل میں ایسا کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔

اگر آپ کی کینسر کی ٹیم کو اس بارے میں مشورے کی ضرورت ہو کہ آپ کی کینسر کی نگہداشت، آپ کی جنس کی تصدیق کرنے والی نگہداشت کو کیسے متاثر کر سکتی ہے، تو وہ جنسی شناخت کے ڈاکٹر سے مشورہ بھی لے سکتے ہیں۔ اس کے لیے انہیں آپ سے اجازت لینی چاہیے۔

**ہسپتال میں میرا قیام کہاں پر ہو گا؟**

اگر آپ کو ہسپتال میں رہنے کی ضرورت ہوئی، تو آپ کی ٹیم کو پوچھنا چاہیے کہ آپ کہاں قیام کرنا چاہتے ہیں۔ ہسپتال میں کچھ وارڈ صرف مردوں کے لیے ہوتے ہیں یا صرف خواتین کے لیے۔ آپ جہاں قیام کرتے ہیں، وہاں پر آپ کو رازداری اور تحفظ فراہم کیا جانا چاہیے۔ اپنی ٹیم کو بتائیں کہ آپ کو کیا مناسب اور آرام دہ محسوس ہوتا ہے۔

## LGBTQ+، کینسر اور کمیونٹی

خاندان اور کمیونٹی آپ کی معاونت کا ایک اہم ذریعہ ہو سکتے ہیں۔ لیکن بعض اوقات لوگوں کے ساتھ ان کی کمیونٹی منفی یا ناروا سلوک کرتی ہے کیونکہ وہ LGBTQ+ ہیں یا انہیں کینسر ہے۔ اگر ایسا ہوتا ہے، تو اپنے بھروسے کے کسی شخص سے بات کرنے کی کوشش کریں۔ یہ ایک دوست، خاندان کا رکن یا کوئی ایسا شخص ہو سکتا ہے جو آپ کو معاونت فراہم کر سکتا ہو۔ اگرکسی مشیر سے بات کرنا معاون ہو سکتا ہو، تو آپ ایسا بھی کر سکتے ہیں۔ اپنے GP، کینسرکے ڈاکٹر یا نرس سے پوچھیں کہ کیا وہ اس کا بندوبست کر سکتے ہیں۔ یا معلومات اور معاونت کے لیے ہماری مفت اسپورٹ لائن کو **0808 808 00 00** پر کال کریں۔

## اپنے لیے، درست نگہداشت اور معاونت حاصل کرنا

اگر آپ کو کینسر ہو اور انگریزی نہ بولتے ہوں، تو آپ فکرمند ہو سکتے ہیں کہ اس سے آپ کے کینسر کے علاج اور نگہداشت پر اثر پڑے گا۔ مگر آپ کی نگہداشت صحت کی ٹیم کو آپ کو ایسی نگہداشت، معاونت اور معلومات فراہم کرنی چاہیں، جن سے آپ کی ضروریات پوری ہوتی ہوں۔

ہم جانتے ہیں کہ بعض اوقات لوگوں کو درست معاونت حاصل کرنے میں زیاہ مسائل کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ مثلًا، اگر آپ کام کرتے ہوں یا آپ کا خاندان ہو تو ہسپتال کی اپوائنٹمنٹس پر جانے کے لیے وقت نکالنا مشکل ہو سکتا ہے۔ آپ کو پیسوں اور نقل و حمل کے اخراجات کے متعلق بھی پریشانیاں ہو سکتی ہیں۔ یہ تمام چیزیں دباؤ کی وجہ اور نمٹنے میں مشکل محسوس ہو سکتی ہیں۔

مگر مدد دستیاب ہے۔ ہماری معاونت کے لیے مفت لائن **0808 808 00 00** آپ کی زبان میں آپ کی صورتحال کے متعلق مشورہ فراہم کر سکتی ہے۔ آپ نرسوں، مالیاتی رہنماؤں، بہبود کے حقوق کے مشیران اور کام میں معاونت کے مشیران سے بات کر سکتے/سکتی ہیں۔

ہم کینسر میں مبتلا افراد کو میک ملن گرانٹس (Macmillan Grants) بھی فراہم کرتے ہیں۔ یہ ایک مرتبہ کی ادائیگیاں ہوتی ہیں، جنہیں ہسپتال میں پارکنگ، سفری اخراجات، بچوں کی نگہداشت یا گھر گرم کرنے کے بلز کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔

## میک ملن (Macmillan) آپ کی کیسے مدد کر سکتی ہے

میک ملن (Macmillan) میں، ہم جانتے ہیں کہ کینسر کی تشخیص کیسے ہر چیز کو متاثر کر سکتی ہے اور اسی لیے ہم آپ کی معاونت کے لیے موجود ہیں۔

**میک ملن سپورٹ لائن (Macmillan Support Line)**
ہمارے پاس ترجمان موجود ہیں، لہذا آپ ہمارے ساتھ اپنی زبان میں بات کر سکتے/سکتی ہیں۔ آپ جو زبان استعمال کرنا چاہتے/چاہتی ہیں، ہمیں صرف انگریزی میں اس کا نام بتائیں۔ ہم طبی سوالات میں آپ کی مدد کر سکتے ہیں، مالیاتی معاونت کے متعلق معلومات دے سکتے ہیں یا اگر آپ کو بات کرنے کے لیے کوئی شخص چاہیے ہو، تو

سننے کے لیے موجود ہو سکتے ہیں۔ مفت، زازدارانہ فون لائن ہفتہ کے 7 دن، صبح 8 تا شام 8 بجے تک کھلی ہوتی ہے۔ ہمیں **0808 808 00 00** پر کال کریں۔

**ویب چیٹ**
آپ ہمیں یہ لکھ کر ایک ویب چیٹ پیغام بھیج سکتے ہیں کہ آپ کو ایک ترجمان درکار ہے۔ ہمیں انگریزی میں اس زبان کا نام بتائیں، جو آپ کو ضرورت ہو اور ہم آپ کے ساتھ رابطہ کرنے کے لیے کسی شخص کا انتظام کر لیں گے۔ 'ہم سے بات کریں' کے بٹن پر کلک کریں، جو پوری ویب سائیٹ کے صفحات پر نظر آتا ہے۔ یا **macmillan.org.uk/talktous** پر جائیں

**میک ملن (Macmillan) ویب سائٹ**
ہماری ویب سائیٹ پر کینسر سے متعلق کافی ساری معلومات موجود ہیں۔

دیگر زبانوں میں بھی مزید معلومات **macmillan.org.uk/translations** پر موجود ہیں

ہم آپ کے لیے ترجموں کا انتظام بھی کر سکتے ہیں۔ ہمیں ای میل کریں:
**cancerinformationteam@macmillan.org.uk** اور بتائیں کہ آپ کو کس چیز کی ضرورت ہے۔

**معلوماتی سینٹر**
ہمارے معلوماتی اور معاونتی سینٹرز ہسپتالوں، لائبریریز اور موبائل سینٹرز میں مبنی ہیں۔ اپنی ضرورت کی معلومات حاصل کرنے اور کسی سے بالمشافہ بات کرنے کے لیے ایک میں تشریف لے آئیں۔ اپنا قریب ترین مرکز **macmillan.org.uk/informationcentres** پر تلاش کریں یا ہمیں

**0808 808 00 00** پر کال کریں۔

**مقامی مدد کے گروپ**
آپ مدد کے کسی گروپ میں آپ ایسے دیگر افراد سے بات چیت کر سکتے/سکتی ہیں جو کینسر سے متاثرہ ہوں۔ اپنے علاقے میں مدد کے گروپس کے متعلق مزید جاننے کے لیے **macmillan.org.uk/supportgroups** ملاحظہ کریں یا ہمیں **0808 808 00 00** پر کال کریں۔

**میک ملن (Macmillan) آن لائن کمیونٹی**
آپ کینسر سے متاثرہ دیگر لوگوں سے **macmillan.org.uk/community** پر آن لائن بھی بات کر سکتے/سکتی ہیں۔ آپ دن ہو یا رات کسی بھی وقت اس تک رسائی حاصل کر سکتی/سکتے ہیں۔ آپ اپنے تجربات شیئر کر سکتی ہیں، سوالات پوچھ سکتی ہیں یا صرف لوگوں کی پوسٹس بھی پڑھ سکتی ہیں۔

## اردو زبان میں مزید معلومات

ہمارے پاس درج ذیل موضوعات کے متعلق آپ کی زبان میں معلومات موجود ہیں:

| **کینسر کی اقسام** | **کینسر کا مقابلہ کرنا** |
|---|---|
| • چھاتی کا کینسر<br>• گردنِ رحم کا کینسر<br>• بڑی آنت کا کینسر<br>• پھیپھڑوں کا کینسر | • اگر آپ میں کینسر کی تشخیص ہو جائے – فوری رہنماء کتابچہ<br>• کھانے پینے کے مسائل اور کینسر<br>• زندگی کا اختتام<br>• مالی معاونت - فائدے |

| | |
|---|---|
| • پراسٹیٹ کینسر<br>**علاج**<br>• کیموتھراپی<br>• ریڈیوتھراپی<br>• سرجری | • مالی معاونت - اخراجات میں مدد<br>• صحت بخش غذا<br>• تھکاوٹ (تھکن) اور کینسر<br>• کینسر کے علاج کے مضر اثرات<br>• آپ اپنی مدد کرنے کے لیے خود کیا کر سکتے ہیں |

یہ معلومات ملاحظہ کرنے کے لیے، ملاحظہ کریں: **macmillan.org.uk/translations**

## حوالہ جات اور تشکرات


یہ معلومات میک ملن کینسر اسپورٹ (Macmillan Cancer Support) کی کینسر انفارمیشن ڈویلپمنٹ ٹیم کی جانب سے تحریر اور مرتب کی گئی ہیں۔ ایک ترجمہ کرنے والی ایک کمپنی نے اس کا ترجمہ کیا ہے۔

اس میں شامل معلومات **www.macmillan.org.uk/cancer-information-and-support/impacts-of-cancer/lgbtq-cancer** پر موجود LGBTQ+ لوگوں اور کینسر کے علاج کے بارے میں میک ملن کی معلومات پر مبنی ہے۔

یہ معلومات لِو تھرو دس (Live Through This) - LGBTIQ+ کمیونٹی کے لیے کینسر میں معاونت اور حمایت کے لیے کام کرنے والی چیریٹی http://www.livethroughthis.co.uk کے تعاون سے تیار کی گئی ہے۔

یہ متعلقہ ماہرین کی جانب سے نظر ثانی شدہ اور ڈاکٹر ٹم آئیوسن کنسلٹنٹ آنکالوجسٹ اور میک ملن چیف میڈیکل ایڈیٹر کی طرف سے تصدیق شدہ ہے۔

ہماری تمام معلومات دستیاب شدہ بہترین شواہد کی بنیاد پر ہیں۔ ہمارے استعمال کردہ ذرائع کے بارے میں مزید جاننے کے لیے ہم سے **cancerinformationteam@macmillan.org.uk** پر رابطہ کریں

MAC18794_Urdu

| |
|---|
| مواد پر نظرثانی: 2022<br><br>اگلی منصوبہ بند نظر ثانی: 2025 |



ہم یہ یقینی بنانے کی ہر ممکن کوشش کرتے ہیں کہ ہم جو معلومات فراہم کرتے ہیں، وہ درست اور تازہ ترین ہوں، لیکن اس پر ماہرانہ پیشہ ورانہ مشورے، جو آپ کی صورتحال کے مطابق دیئے جاتے ہیں، کے متبادل کے طور پر انحصار نہیں کرنا چاہیے۔ جہاں تک قانون اجازت دیتا ہے، میک ملن (Macmillan) اس اشاعت یا اس میں شامل کی گئی یا حوالہ دی گئی تیسرے فریق کی ویب سائٹس پر موجود کسی بھی معلومات کے استعمال کے حوالے سے کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتی۔

© میک ملن کینسر اسپورٹ (Macmillan Cancer Support) 2022۔ انگلینڈ اور ویلز (261017)، سکاٹ لینڈ (SC039907) اور دی آئل آف مین (604) میں رجسٹر شدہ چیریٹی۔ رجسٹر شدہ دفتر 89 Albert Embankment, London SE1 7UQ۔

Trusted Information Creator

Patient Information Forum

LGBTQ+ people and cancer: Urdu

# LGBTQ+ people and cancer

This information is for LGBTQ+ people who have cancer.

LGBTQ+ means lesbian, gay, bisexual, transgender and queer people. It also includes other romantic or sexual attractions and gender identities.

If you are LGBTQ+, you may have questions about cancer and your cancer treatment. You may want specific support that is for LGBTQ+ people who have cancer.

If you have any questions about this information, ask your doctor or nurse at the hospital where you are having treatment.

You can also call Macmillan Cancer Support on freephone **0808 808 00 00**, 7 days a week, 8am to 8pm. We have interpreters, so you can speak to us in your own language. When you call us, please tell us in English which language you need.

We also have more cancer information in your language at **macmillan.org.uk/translations**

## This information is about:


- Talking to the healthcare team
- Fair treatment
- Cancer, sex and fertility
- Cancer treatment for transgender and non-binary people
- Getting the right care and support for you
- How Macmillan can help you
- More information in your language
- References and thanks


## Talking to the healthcare team

### Does my healthcare team need to know I am LGBTQ+?

Your healthcare team are the people who give you treatment or advice about your health. This could be your GP, cancer doctor and nurses.

Sometimes a person in your healthcare team may ask you about:

- your gender – this means if you are a man, a woman, or any other gender identity
- your sexual or romantic relationships
- your sex life.

You do not have to talk to them about this,but it can help your healthcare team support you. It helps them:

- give you the right information
- treat you in a way that is personal for you
- support the people who are important to you.

If you are not sure why your healthcare team need this information, you can ask them. They can tell you why this may be important to support or treat you.

**Can I tell my healthcare team I am LGBTQ+?**

If you want your healthcare team to know, you can tell them you are LGBTQ+, even if they have not asked.

You may choose to do this when you first meet someone from your team. Or you may wait until you know the person better.

Some healthcare professionals wear an NHS Rainbow Badge. This means the person wearing it supports LGBTQ+ people. Some people in your healthcare team may wear other rainbow items instead. They may be LGBTQ+ or they may want to show they support LGBTQ+ people.

**What else should I tell my healthcare team?**

You can tell your healthcare team anything that is important to you. This could include:

- if you have family, friends or a partner who support you
- who you give consent for them to talk to about your care
- what information you do and do not need.

You may want to explain whether you are out or not. This means whether other people know you are LGBTQ+ or whether you keep this secret. Your team should treat all information about you confidentially. They should not tell anyone that you are LGBTQ+ without your permission.

## Getting fair treatment

Your cancer team must treat you equally if you are LGBTQ+. Treating someone unfairly because they are LGBTQ+ is against the law. If this happens tell someone you trust.

If you feel like you are being treated unfairly, there are things you can do:

- Talk to someone from your healthcare team, if you feel safe to do this. This may help your team make things right. It also helps them learn and give better care.
- Talk to someone you trust. This may be someone close to you or a healthcare professional you know well. There are also organisations that LGBTQ+ people can talk to.
- Give feedback or make a complaint to the NHS. You can give feedback and complaints without giving your name if you want to.

## Cancer, sex and fertility

Cancer and some cancer treatments can affect:

- your sex life – some side effects may be more of a problem depending on the type of sex you prefer
- your fertility – this means your ability to get pregnant or make someone pregnant.

Your cancer doctor or nurse can tell you if your cancer treatment may cause sexual side effects or fertility problems. You can ask them any questions about sex or fertility before, during or after cancer treatment.

## Cancer treatment for transgender or non-binary people

**Does my cancer team need to know my gender at birth?**

You do not have to tell your team the gender you were assigned at birth or if you are transgender. But it can be helpful and sometimes it is important that your team knows the gender you were assigned at birth.

For example, some scans should not be used during pregnancy and can be harmful. If you now identify as male but you can get pregnant, it is important that the person doing the scan knows this.

Your team should always treat information about your gender history confidentially. They may tell other healthcare professionals, but only when it is needed for your care.

You can tell your cancer team what name and pronouns you use. Pronouns are:

- she and her
- he and him
- they and them

**Gender-affirming treatments and cancer**

These gender-affirming treatments may affect the cancer treatment and information you need:

- hormone drugs that make your body more male or female
- surgery to make a penis or vagina (genital surgery)
- surgery to remove the breasts. This is called top surgery or male chest reconstruction.

It is important to tell your cancer team if you are taking hormone drugs. They also need to know if you have had surgery, or if you plan to have this in the future.

If your cancer team need advice about how your cancer care may affect your gender-affirming care, they can get advice from a gender identity doctor. They should ask your permission to do this.

**Where will I stay in hospital?**

If you need to stay in hospital, your team should ask where you want to stay. Some wards in hospital are only for men or only for women. Where you stay should give you privacy and keep you safe. Tell your team what feels comfortable and right for you.

## LGBTQ+, cancer and your community

Family and community can be an important source of support. But sometimes people are treated negatively by their community because they are LGBTQ+ or because they have cancer. If this happens try to talk to someone you trust. This could be a friend, family member or someone you work with. You could speak to a counsellor if this would help. Ask your GP, cancer doctor or nurse if they can arrange this. Or call our free support line on 0808 808 00 00 for information and support.

## Getting the right care and support for you

If you have cancer and do not speak English, you may be worried that this will affect your cancer treatment and care. But your healthcare team should offer you care, support and information that meets your needs.

We know that sometimes people may face extra challenges in getting the right support. For example, if you work or have a family it can be hard to find time to go to hospital appointments. You might also have worries about money and transport costs. All of this can be stressful and hard to cope with.

But help is available. Our free support line **0808 808 00 00** can offer advice, in your language, about your situation. You can speak to nurses, financial guides, welfare rights advisers and work support advisers.

We also offer Macmillan Grants to people with cancer. These are one-off payments that can be used for things like hospital parking, travel costs, childcare or heating bills.

## How Macmillan can help you

At Macmillan, we know how a cancer diagnosis can affect everything, and we are here to support you.

**Macmillan Support Line**
We have interpreters, so you can speak to us in your language. Just tell us, in English, the language you want to use. We can help with medical questions, give you information about financial support, or be there to listen if you need someone to talk to. The free, confidential phone line is open 7 days a week, 8am to 8pm. Call us on **0808 808 00 00**.

**Web chat**
You can send us aweb chat messagesaying you would like an interpreter. Tell us, in English, the language you need, and we will arrange for someone to contact you. Click on the 'Chat to us' button, which appears on pages across the website. Or go to**macmillan.org.uk/talktous**

**Macmillan website**
Our website has lots of information in English about cancer.

There is also more information in other languages at **macmillan.org.uk/translations**

We can also arrange translations just for you. Email us at **cancerinformationteam@macmillan.org.uk** to tell us what you need.

**Information centres**
Our information and support centres are based in hospitals, libraries and mobile centres. Visit one to get the information you need and speak with someone face to face. Find your nearest centre at **macmillan.org.uk/informationcentres** or call us on **0808 808 00 00**.

**Local support groups**
At a support group, you can talk to other people affected by cancer. Find out about support groups in your area at **macmillan.org.uk/supportgroups** or call us on **0808 808 00 00**.

**Macmillan Online Community**
You can also talk to other people affected by cancer online at **macmillan.org.uk/community** You can access it at any time of day or night. You can share your experiences, ask questions, or just read through people's posts.

## More information in your language

We have information in your language about these topics:

| Coping with cancer | Types of cancer |
|---|---|
| • If you are diagnosed with cancer – a quick guide<br>• Eating problems and cancer<br>• End of life<br>• Financial support – benefits<br>• Financial support – help with costs<br>• Healthy eating<br>• Tiredness (fatigue) and cancer<br>• Side effects of cancer treatment<br>• What you can do to help yourself | • Breast cancer<br>• Cervical cancer<br>• Large bowel cancer<br>• Lung cancer<br>• Prostate cancer<br>**Treatments**<br>• Chemotherapy<br>• Radiotherapy<br>• Surgery |

To see this information, go to **macmillan.org.uk/translations**

## References and thanks

This information has been written and edited by Macmillan Cancer Support's Cancer Information Development team. It has been translated by a translation company.

The information included is based on Macmillan's information about LGBTQ+ people and cancer treatment at **www.macmillan.org.uk/cancer-information-and-support/impacts-of-cancer/lgbtq-cancer**

This information was developed with Live Through This – a cancer support and advocacy charity for the LGBTIQ+ community http://www.livethroughthis.co.uk

It has been reviewed by relevant experts and approved by Dr Tim Iveson, Consultant Medical Oncologist and Macmillan Chief Medical Editor.

All our information is based on the best evidence available. For more information about the sources we use, please contact us at **cancerinformationteam@macmillan.org.uk**

MAC18794_Urdu

Content reviewed: 2022

Next planned review: 2025

We make every effort to ensure that the information we provide is accurate and up-to-date but it should not be relied upon as a substitute for specialist professional advice tailored to your situation. So far as is permitted by law, Macmillan does not accept liability in relation to the use of any information contained in this publication or third party information or websites included or referred to in it.

© Macmillan Cancer Support 2022. Registered charity in England and Wales (261017), Scotland (SC039907) and the Isle of Man (604). Registered office 89 Albert Embankment, London SE1 7UQ.

Trusted Information Creator

Patient Information Forum